مجمع البحرین

(فارسی و اردو)

از

مولانا پائندہ محمد علیہ الرحمہ

(خلیفہ حضرت قیوم ثانی خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہٗ)

مترجم

پروفیسر احمد سعید انصاری

مرتب

ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں

www.mujaddidway.com

مجمع البحرین

(فارسی واردو)

از

مولانا پاینده محمد علیہ الرحمہ

(خلیفہ حضرت قیومِ ثانی خواجہ محمد معصوم سرہندی قدس سرہٗ)

مترجم

پروفیسر احمد سعید انصاری

مرتب

ڈاکٹر حافظ مُنیر احمد خاں

www.mujaddidway.com

جملہ حقوق بہ حق مترجم و مرتب محفوظ

کتاب : مجمع البحرین (فارسی مع اردو ترجمہ)
مصنف : مولانا پایندہ محمد علیہ الرحمہ۔
مترجم : پروفیسر احمد سعید انصاری۔
مرتب : ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں۔
طبع اول : ۱۹۶۵ء
طبع ثانی : مع اردو ترجمہ ۲۰۰۳ء
ناشر : پیراماؤنٹ پرنٹنگ پریس۔
رابطہ : المصطفےٰ پبلی کیشنز، ۲/۸، اولڈ یونی ورسٹی، حیدرآباد۔

باسمہٖ حامداً و مصلیاً

مقدمہ

میرے دادا حضرت ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب مدظلہ نے حضرت حشمت علی خاں صاحب کے حسن توسط سے حضرت قیوم ثانی عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم سرہندی کے خلیفہ مولانا پایندہ محمد علیہ الرحمہ کے ایک مختصر رسالے "مجمع البحرین" کی نقل رام پور کے کتب خانے سے حاصل کی تھی اور حیدرآباد (سندھ) سے ۱۹۶۵ء میں یہ رسالہ شائع فرمایا تھا۔

مجمع البحرین کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ اور سلسلۂ عالیہ قادریہ میں صاحب مجاز تھے اس لیے اس رسالے کی اہمیت یہ ہے کہ یہ صنعت توشیح میں ان دونوں سلسلوں کا شجرہ ہے۔ اس طرح کہ ہر سطر کے پہلے پہلے حروف کو جوڑا جائے تو سلسلۂ نقشبندیہ کے بزرگوں کے اسمائے گرامی بن جائیں گے اور ان سطور کے آخری حروف جمع کو کیا جائے تو سلسلۂ قادریہ کے بزرگوں کے اسما ظاہر ہوں گے۔ نیز اس بات کا بھی التزام ہے کہ مذکورہ سلسلوں کی اصطلاحات و نظریات کا بیان بھی عالمانہ و فاضلانہ ہے۔

"مجمع البحرین" کا مطلب بھی یہی لیا جاتا ہے کہ دو سمندروں کا ملاپ مگر اس طرح کہ ان کے ذائقے الگ الگ رہیں۔ یہ بات قرآن پاک میں بھی بیان کی گئی ہے۔ "مرج البحرین یلتقیٰن" ان نزاکتوں کو واضح کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم حضرت مولانا پایندہ محمد علیہ الرحمہ کی علمی فضیلت کو اس رسالے میں بخوبی دیکھ سکیں۔ مصنف نے رسالے کے آخر میں ایک مثنوی قلم بند فرما کر شعبۂ نظم میں بھی اپنی فضیلت برقرار رکھی ہے۔ یہ مثنوی بھی صنعت توشیح میں ہے جس کے ہر پہلے اور دوسرے مصرع کے پہلے اور آخری حروف کے جمع کرنے سے یہ مصرع برآمد ہوتا ہے۔

"شاہ و شاہان محمد عربی ست"

یہ مکمل رسالہ (نظم و نثر) فارسی میں ہے اور اب تک ترجمے کا متقاضی تھا۔ راقم الحروف نے سندھ یونی ورسٹی کے ریٹائرڈ پروفیسر ڈاکٹر رئیس احمد صاحب ایم ایس سی، پی ایچ ڈی (لندن) جو اس عاجز کی خصوصی شفقت فرماتے ہیں ان کے صاحبزادے سے سعید احمد انصاری صاحب کا نام نامی پہلی بار سنا اور اس تخصص کے ساتھ کہ آپ ماہر فارسی ہیں۔ حسن احمد صاحب کے حسن توسط سے آپ سے مراسم ہوئے اور اس رسالے کے ترجمہ کرنے کی درخواست کی گئی جو آپ نے قبول فرمائی اور قبلہ پروفیسر احمد سعید انصاری صاحب نے اس کا اردو ترجمہ نہایت سلیس انداز میں فرمادیا۔ آپ نے ترجمے میں اس بات کا بھی خیال رکھا ہے کہ جہاں اصل سے ترجمہ کرتے ہوئے تفہیم و ابلاغ کے حتی الاوقات کی ضرورت محسوس ہوئی یا عبارت میں اقتضائے ترجمہ کے تحت اضافے کو ناگزیر محسوس کیا گیا۔ آپ نے اُن جملوں یا الفاظ کو بریکٹ میں رکھا ہے۔ ترجمہ بہت سادہ زبان اور عام فہم ہے۔ اس عظیم کام پر سعید صاحب کا شکریہ ادا کرنا لازم ہے۔

دو باتوں کے پیش نظر اس رسالے کا فارسی نسخہ بھی شامل کیا جارہا ہے۔ ایک تو اس لیے کہ یہ رسالہ اپنی اصل صورت میں ایک مرتبہ اور محفوظ ہوسکے دوسری وجہ یہ ہے کہ اہل علم و نظر دیکھ سکیں کہ ترجمہ اصل سے کس قدر قریب ہے اور مکمل مفہوم لیے ہوئے ہے۔ اس کے لیے میں ایک مرتبہ پھر قبلہ پروفیسر احمد سعید انصاری صاحب کا شکر گزار ہوں جنھوں نے اس نیک کام میں قلمی معاونت فرمائی۔ مرزا افتخار احمد صاحب، اور جناب سرور احمد زئی کا بھی شکریہ لازم ہے۔ جنھوں نے کتابت خوانی، مفید مشوروں اور حسن طباعت میں معاونت فرمائی۔ اللہ پاک ان صاحبان کے درجات بلند فرمائے اور ہماری سعی قبول فرمائے۔ (آمین)

احقر
ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں

۹ اپریل ۲۰۰۳ء

www.mujaddidway.com

جملہ حقوق بحق مترجم و مرتب محفوظ

کتاب	:	مجمع البحرین (فارسی مع اردو ترجمہ)
مصنف	:	مولانا پایندہ محمد علیہ الرحمہ۔
مترجم	:	پروفیسر احمد سعید انصاری۔
مرتب	:	ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں۔
طبع اول	:	۱۹۶۵ء
طبع ثانی	:	مع اردو ترجمہ ۲۰۰۳ء
ناشر	:	پیرامائونٹ پرنٹنگ پریس۔
رابطہ	:	المصطفےٰ پبلی کیشنز، ۲۔ اولڈ یونی ورسٹی، حیدرآباد۔

www.mujaddidway.com

باسمہٖ حامداً و مصلیاً

مقدمہ

میرے دادا حضرت ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب مدظلہ نے حضرت حشمت علی خاں صاحب کے حسن توسط سے حضرت قیوم ثانی عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم سرہندی کے خلیفہ مولانا پایندہ محمد علیہ الرحمہ کے ایک مختصر رسالے "مجمع البحرین" کی نقل رام پور کے کتب خانے سے حاصل کی تھی اور حیدرآباد (سندھ) سے ۱۹۶۵ء میں یہ رسالہ شائع فرمایا تھا۔

مجمع البحرین کے مطالعے سے معلوم ہو جاتا ہے کہ مصنف سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ اور سلسلۂ عالیہ قادریہ میں صاحب مجاز تھے، اس لیے اس رسالے کی اہمیت یہ ہے کہ یہ صنعت توشیح میں ان دونوں سلسلوں کا شجرہ ہے، اس طرح کہ ہر سطر کے پہلے پہلے حروف کو جوڑا جائے تو سلسلۂ نقشبندیہ کے بزرگوں کے اسمائے گرامی بن جائیں گے اور ان سطور کے آخری حروف جمع کو کیا جائے تو سلسلۂ قادریہ کے بزرگوں کے اسما ظاہر ہوں گے۔ نیز اس بات کا بھی التزام ہے کہ مذکورہ سلسلوں کی اصطلاحات و نظریات کا بیان بھی عالمانہ و فاضلانہ ہے۔

"مجمع البحرین" کا مطلب بھی یہی لیا جاتا ہے کہ دو سمندروں کا ملاپ، مگر اس طرح کہ ان کے ذائقے الگ الگ رہیں۔ یہ بات قرآن پاک میں بھی بیان کی گئی ہے۔ "مرج البحرین یلتقیٰن" ان نزاکتوں کو عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ ہم حضرت مولانا پایندہ محمد علیہ الرحمہ کی علمی فضیلت کو اس رسالے میں بخوبی دیکھیں۔ مصنف نے رسالے کے آخر میں ایک مثنوی قلم بند فرما کر شعبۂ نظم میں بھی اپنی فضیلت برقرار رکھی ہے۔ یہ مثنوی بھی صنعتِ توشیح میں ہے جس کے ہر پہلے اور دوسرے مصرع کے پہلے اور آخری حروف کے جمع کرنے سے یہ مصرع برآمد ہوتا ہے۔

"شاہِ شاہان محمدؐ عربی ست"

یہ مکمل رسالہ (نظم و نثر) فارسی میں ہے اور اب تک ترجمے کا متقاضی تھا۔ راقم الحروف نے سندھ یونی ورسٹی کے ریٹائرڈ پروفیسر ڈاکٹر رئیس احمد صاحب ایم ایس سی، پی ایچ ڈی (لندن) جو اس عاجز کی خصوصی شفقت فرماتے ہیں ان کے صاحبزادے سے سعید احمد انصاری صاحب کا نام نامی پہلی بار سنا اور اس تخصص کے ساتھ کہ آپ ماہر فارسی ہیں۔ حسن احمد صاحب کے حسن توسط سے آپ سے مراسم ہوئے اور اس رسالے کے ترجمہ کرنے کی درخواست کی گئی جو آپ نے قبول فرمائی اور قبلہ پروفیسر احمد سعید انصاری صاحب نے اس کا اردو ترجمہ نہایت سلیس انداز میں فرما دیا۔ آپ نے ترجمے میں اس بات کا بھی خیال رکھا ہے کہ جہاں اصل سے ترجمہ کرتے ہوئے تفہیم و ابلاغ کے مترادفات کی ضرورت محسوس ہوئی یا عبارت میں اقتضائے ترجمہ کے تحت اضافے کو ناگزیر محسوس کیا گیا۔ آپ نے اُن جملوں یا الفاظ کو بریکٹ میں رکھا ہے۔ ترجمہ بہت سادہ زبان اور عام فہم ہے۔ اس عظیم کام پر سعید صاحب کا شکریہ ادا کرنا لازم ہے۔

دو باتوں کے پیش نظر اس رسالے کا فارسی نسخہ بھی شامل کیا جا رہا ہے۔ ایک تو اس لیے کہ یہ رسالہ اپنی اصل صورت میں ایک مرتبہ اور محفوظ ہو سکے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اہل علم و نظر دیکھ سکیں کہ ترجمہ اصل سے کس قدر قریب ہے اور مکمل مفہوم لیے ہوئے ہے۔ اس کے لیے میں ایک مرتبہ پھر قبلہ پروفیسر احمد سعید انصاری صاحب کا شکر گزار ہوں، جنھوں نے اس نیک کام میں قلمی معاونت فرمائی۔ مرزا افتخار احمد صاحب، اور جناب سرور احمد زئی کا بھی شکریہ لازم ہے، جنھوں نے کتابت خوانی، مفید مشوروں اور حُسن طباعت میں معاونت فرمائی۔ اللہ پاک ان صاحبان کے درجات بلند فرمائے اور ہماری سعی قبول فرمائے۔ (آمین)

۹ اپریل ۲۰۰۳ء

احقر
ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ ربّ العلمین و الصّلوٰۃ و السّلام علیٰ سیّد المرسلین
وعلیٰ عباد اللہ الصّلحین

معروضاتِ مترجم

سلوک وتصوف کا علمی اور عملی ذوق بر صغیر پاک و ہند کے علم دوست مسلمانوں کی ایک امتیازی شان رہی ہے۔ تہذیبِ نفس اور تطہیرِ اخلاق کے ساتھ ساتھ عرفانِ نفس اور معرفتِ حق تعالیٰ سلوک وتصوف کے چند اہم موضوعات ہیں۔ اسلامی تعلیمات کے اِن سودمند اور آفاقی شعبوں نے قدیم الایام میں، مسلمان تو مسلمان ہندو شائقین علم کو بھی متاثر کیا ہے اور مستشرقین کی توجہ بھی اپنی طرف جلب کی ہے۔ گلستان و بوستانِ سعدیؒ، پندنامۂ عطارؒ، مثنویٔ مولانا رومیؒ وغیرہ اَخلاقی اور عرفانی موضوعات پر شاہکار کتب میں شمار ہوتی ہیں لہٰذا اِن کی اخلاق آموز اور سیرت ساز خوبیوں کو دیکھتے ہوئے علمی گھرانوں میں بچوں اور جوانوں کو ان کی تعلیم وتدریس کا عام اور پسندیدہ رواج تھا۔ چونکہ یہ کتابیں فارسی میں ہیں لہٰذا فارسی زبان سے دلچسپی اور اس زبان کی قدردانی بھی ایک امر لازم کے طور پر برصغیر کی علمی دنیا کا مستحسن دستور تھا۔ یوں بھی فارسی کا فصیح وبلیغ اَور شیریں ہونا قندِ مکرر کی تاثیر رکھتا ہے۔ یہ کہنا بے جانہ ہوگا کہ ہمارے عہد کے عظیم مفکر اور شاعر علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے، اپنے افکارِ گراں مایہ کا بیشتر حصہ اسی زبانِ شیریں کی صورتِ زیبا میں پیش کیا ہے۔

چاہیے تو یہ تھا کہ اس حوالے سے بھی فارسی زبان سے وہ دیرینہ رابطہ برقرار رکھنے کی روش قائم رکھی جاتی مگر روحانی قدروں پر مادیت غالب آجانے سے یہ روشِ پاکیزہ دُچارِ اضمحلال ہوگئی ہے۔ نتیجۃً کتابی شکل میں چھوڑے ہوئے اسلاف عالی مرتبت کے علمی، روحانی اَخلاقی اور اَدبی گنجینہ ہائے گراں بہا، الا ماشاءاللہ، ابنائے وطن کی دسترس سے دُور ہوگئے ـــــ ہماری تمدنی اور تہذیبی تاریخ کا یہ بھی ایک اندوہ ناک باب ہے۔ مادّی اور مشینی علوم بے شک وقت کی ضرورت ہیں مگر یہ ضرورت اس بات کی متقاضی ہرگز نہیں ہو سکتی کہ اخلاقی اور روحانی علوم سے ناطہ توڑ لیا جائے۔

کیا ہے کہ اَب جبکہ فارسی زبان کم جاننے کے وجہ سے اس زبان میں محفوظ علمی آثار و منابع تک براہِ راست رسائی مشکل ہوگئی ہے، تو ان میں سے کچھ کا اردو ترجمہ کر کے ہی سہی اہلِ ذوق کو پیش تو کیا جائے۔ ایسے اقدامات خشک سالی میں قطراتِ نیسان کی مانند ہیں۔ اسی کارِ خیر کا اہتمام کرنے والوں میں سے، میں یہاں ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں صاحب۔ ایم۔اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی استاد شعبۂ ثقافت اسلامیہ سندھ یونیورسٹی جامشورو کا نامِ نامی لینا چاہوں گا، جن کی (بالواسطہ) ترغیب وتشویق سے راقم الحروف نے حضرت پایندہ محمدؒ خلیفہ خواجہ محمد معصومؒ کی تصنیف ”مجمع البحرین“ کا فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ دیکھنے کو یہ ایک مختصری کتاب ہے لیکن تصوف و عرفان کے بہت ہی اہم مطالب و نکات سے مملو ہے، اس کتاب کے فنّی محاسن، ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں صاحب کے جدِ امجد برصغیر کی مایۂ ناز علمی شخصیت پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب ایم۔ اے، ایل۔ ایل۔ بی، پی۔ ایچ۔ ڈی، ڈی۔ لٹ سابق صدر شعبۂ اردو، سندھ یونیورسٹی حیدرآباد نے، اپنے تعارفی کلمات میں رقم فرمادیے ہیں۔

جہاں تک اس کتاب کے معنوی لطائف کا تعلق ہے خود مصنف (حضرت پایندہ محمد رحمۃ اللہ علیہ) کی اپنی ایک رباعی ان لطائف پر دلیلِ ناطق ہے۔ رباعی یہ ہے:

این نسخۂ جامع کہ سرّے از غیب است — ھادی بہ وصالِ شاہدِ لاریب است
ہر کس کہ بدید کیفیت از روئے یقین — گوید الہام بالّلسان الغیب است

(ترجمہ: یہ جامع نسخہ جو ایک غیبی راز ہے، محبوبِ لاریب (محبوب حقیقی) کے وصال کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ جس کسی نے از روئے ایمان و یقین اس کیفیت کو دیکھا، یہ کہے گا کہ زبانِ غیب میں یہ ایک الہام ہے)

ترجمۂ کتاب سے متعلق میں یہ کہوں گا کہ اس میں کسی نادانستہ غلطی، تسامح یا فروگذاشت کی عدم موجودگی کا مجھے کوئی دعویٰ نہیں ہے۔ اہلِ علم وتحقیق کی نظر میں اگر کوئی اَیسی بات آجائے تو للہ مجھے معاف بھی فرمادیں اور مطلع بھی فرمادیں تاکہ میری اصلاح ہوجائے۔

یہ عرض کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ اصل کتاب کے جو مطالب حرف ترجمے سے واضح نہیں ہوسکتے تھے، قوسین میں اُن کی تشریح یا توضیح کو میں نے ناگزیر جانا۔ اس اسلوب کو میں نے آخر تک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمدللہ ربّ العلمین و الصّلوۃ و السّلام علیٰ سیّد المرسلین وعلیٰ عباد اللہ الصّلحین

معروضاتِ مترجم

سلوک وتصوف کا علمی اور عملی ذوق برّصغیر پاک وہند کے علم دوست مسلمانوں کی ایک امتیازی شان رہی ہے۔ تہذیبِ نفس اور تطہیرِ اخلاق کے ساتھ ساتھ عرفانِ نفس اور معرفتِ حق تعالیٰ سلوک وتصوف کے چند اہم موضوعات ہیں۔ اِسلامی تعلیمات کے اِن سودمند اور آفاقی شعبوں نے قدیم الایام میں، مسلمان تو مسلمان ہندو شائقینِ علم کو بھی متاثر کیا ہے اور مستشرقین کی توجہ بھی اپنی طرف جلب کی ہے۔ گلستان و بوستانِ سعدیؒ، پندنامۂ عطارؒ، مثنویٔ مولانا رومیؒ وغیرہ اَخلاقی اور عرفانی موضوعات پر شاہکار کتب میں شمار ہوتی ہیں لہٰذا ان کی اخلاق آموز اور سیرت ساز خوبیوں کو دیکھتے ہوئے علمی گھرانوں میں بچوں اور جوانوں کو ان کی تعلیم وتدریس کا عام اور پسندیدہ رواج تھا۔ چونکہ یہ کتابیں فارسی میں ہیں لہٰذا فارسی زبان سے دلچسپی اور اِس زبان کی قدردانی بھی ایک امرِ لازم کے طور پر برصغیر کی علمی دنیا کا مستحسن دستور تھا۔ یوں بھی فارسی کا فصیح وبلیغ اَور شیرین ہونا قندِ مکرر کی تاثیر رکھتا ہے۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ہمارے عہد کے عظیم مفکر اور شاعر علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ نے، اپنے افکارِ گراں مایہ کا بیشتر حصہ اسی زبانِ شیریں کی صورتِ زیبا میں پیش کیا ہے۔

چاہیے تو یہ تھا کہ اِس حوالے سے بھی فارسی زبان سے وہ دیرینہ ربطہ برقرار رکھنے کی روش قائم رکھی جاتی مگر روحانی قدروں پر مادیت غالب آجانے سے یہ روشِ پاکیزہ دُچارِ اضمحلال ہوگئی ہے۔ نتیجۃً کتابی شکل میں چھوڑے ہوئے اسلافِ عالی مرتبت کے علمی، روحانی اَخلاقی اور اَدبی گنجینہ ہائے گراں بہا، اِلّا ماشاء اللہ، ابنائے وطن کی دسترس سے دُور ہوگئے _____ ہماری تمدنی اور تہذیبی تاریخ کا یہ بھی ایک اندوہ ناک باب ہے۔ مادّی اور مشینی علوم بے شک وقت کی ضرورت ہیں مگر یہ ... اخلاقی اور روحانی علوم سے ناطہ توڑ لیا جائے۔

کیا ہے کہ اَب جبکہ فارسی زبان کم جاننے کے وجہ سے اس زبان میں محفوظ علمی آثار و مناہج تک براہِ راست رسائی مشکل ہوگئی ہے، تو ان میں سے کچھ کا اردو ترجمہ کرکے ہی سہی اہل ذوق کو پیش تو کیا جائے۔ ایسے اقدامات خشک سالی میں قطراتِ نیسان کی مانند ہیں۔ اسی کارِ خیر کا اہتمام کرنے والوں میں سے، میں یہاں ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں صاحب۔ ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی استاد شعبہ ثقافت اسلامیہ سندھ یونیورسٹی جامشورو کا نام نامی لینا چاہوں گا، جن کی (بالواسطہ) ترغیب وتشویق سے راقم الحروف نے حضرت پایندہ محمدؒ خلیفہ خواجہ محمد معصومؒ کی تصنیف "مجمع البحرین" کا فارسی سے اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ دیکھنے کو یہ ایک مختصر سی کتاب ہے لیکن تصوف و عرفان کے بہت ہی اہم مطالب و نکات سے مملو ہے، اس کتاب کے فنّی محاسن، ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں صاحب کے جدّ امجد برصغیر کی مایۂ ناز علمی شخصیت پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب ایم۔ اے، ایل۔ ایل۔ بی، پی۔ ایچ۔ ڈی، ڈی۔ لٹ سابق صدر شعبۂ اردو، سندھ یونیورسٹی حیدرآباد نے، اپنے تعارفی کلمات میں رقم فرمادیے ہیں۔

جہاں تک اس کتاب کے معنوی لطائف کا تعلق ہے خود مصنف (حضرت پایندہ محمد رحمتہ اللہ علیہ) کی اپنی ایک رباعی ان لطائف پر دلیلِ ناطق ہے۔ رباعی یہ ہے:

این نسخۂ جامع کہ سرّے از غیب است — ھادی بہ وصالِ شاہدِ لاریب است
ہر کس کہ بدید کیفیت از روئے یقین — گوید الہام بالسان الغیب است

(ترجمہ: یہ جامع نسخہ جو ایک غیبی راز ہے، محبوبِ لاریب (محبوب حقیقی) کے وصال کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ جس کسی نے از روئے ایمان ویقین اس کیفیت کو دیکھا، یہ کہے گا کہ زبانِ غیب میں یہ ایک الہام ہے)

ترجمۂ کتاب سے متعلق میں یہ کہوں گا کہ اس میں کسی نادانستہ غلطی، تسامح یا فروگذاشت کی عدم موجودگی کا مجھے کوئی دعویٰ نہیں ہے۔ اہلِ علم وتحقیق کی نظر میں اگر کوئی اَیسی بات آجائے تو للہ مجھے معاف بھی فرمادیں اور مطلع بھی فرمادیں تاکہ میری اصلاح ہوجائے۔

یہ عرض کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ اصل کتاب کے جو مطالب حرف ترجمے سے واضح نہیں ہوسکتے تھے، قوسین میں اُن کی تشریح یا توضیح کو میں نے ناگزیر جانا۔ اس اسلوب کو میں نے آخر تک

www.mujaddiway.com

روا رکھا تا کہ اشکالات حتی الامکان رفع کیے جاسکیں۔ (اس عمل میں بھی میری محدودیتِ علم کو، اہلِ علم مدِ نظر رکھیں)۔ جو کچھ صحیح ہوا۔ اللہ ربُّ العزت کی توفیق سے ہوا، اگر خدانخواستہ معاملہ کہیں۔ اس کے برعکس ہے تو اسے میری علمی بے بضاعتی پر محمول فرمایا جائے۔

اللہ کریم کی حمد و ثنا اور شکر کے بعد میں ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں صاحب کی خدمت میں ہدیۂ سپاس پیش کرتا ہوں جنہوں نے میرے لیے اس سعادت کا موقع فراہم کیا کہ میں اس کتابِ باصواب کا ترجمہ کروں۔ اُن کے لیے جزائے خیر اور برکتِ علم وتقویٰ کی دعا مجھے عزیز رہے گا۔

میں اپنے مشفق مکرم جناب پروفیسر ڈاکٹر رئیس احمد ایم۔ ایس۔ سی، پی۔ ایچ۔ ڈی (لندن) سابق صدر شعبۂ ارضیات (جیالوجی) سندھ یونیورسٹی جامشورو، اور عزیز ارجمند حسن رئیس صاحب کا بھی تہ دل سے ممنون ہوں، جو اس کتاب کے سلسلے میں میرے اور ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں صاحب کے درمیان ربط وارتباط کا مبارک ذریعہ بنے۔

اپنی رفیقۂ حیات سیدہ نزہت جہاں کے لیے بھی اظہار تشکر میں فراموش نہیں کرنا چاہتا، کہ انہوں نے بہت سی خانگی مصروفیات سے مجھے آزاد کر کے اور کچھ ضروری سہولیات میرے لیے مہیا کر کے اس کارِ خیر کی تکمیل مجھ پر آسان کی ہے۔

الحمد للہ الذی بنعمتہٖ تتم الصّٰلحٰت

میری یہ بھی دعا ہے کہ ربُّ العزت، کتاب کے مندرجات سے قارئین کو روحانی فیوضات سے بہرہ مند فرمائے، آمین۔

مترجم
احمد سعید انصاری
بی۔ اے (آنرز)، ایم۔ اے (فارسی)
سابق پرنسپل گورنمنٹ کالج کوٹ ادّو
ریٹائرڈ ایسوسی ایٹ پروفیسر و سابق صدر شعبۂ فارسی
گورنمنٹ کالج بوسن روڈ، ملتان۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ :

مجمع البحرین

الا اے آنکہ داری مہر روئے	بیا بشنوز جانان گفت گوئے
کلام چند از عین معانی	نشانیہا ز اسرار نہانی
حدیث دلبراں چون قامت یار	بدل نزدیک و دور از فہم اغیار

(ترجمہ و مفہوم اشعار)

اے وہ جو مشتاق جمال یار ہے، قریب آ اور سن محبوب کی باتیں جو عین معانی (حقائق و معارف پر مشتمل) ہیں۔ اور راز ہائے پوشیدہ کی نشانیاں ہیں۔ حدیثِ دلبراں یعنی اللہ کے پیاروں کی باتیں قامت یار کی مانند (حسنِ معنی اور دل پذیری کا مرقع) ہیں۔ جو دلِ عشاق کے تو قریب ہیں، لیکن عقل (غیر از عشاق) سے دور ہیں۔

امابعد، نقشبندانِ راہِ تحقیق، عازمینِ منزلِ توحید، لبستگانِ سلسلۂ محبت اور آزادگانِ قیدِ دنیا و آخرت سے مخفی نہ رہے، کہ جب یہ فقیر یعنی اللہ الواحد الاحد کا بہت ہی حقیر بندہ پائندہ محمدؐ .... اللہ اس کو عمل میں صدق و یقین اور اعتقاد فی الدین کی راہ روشن پر ثابت قدم رکھے۔ .... اکابرِ نقشبندیہ قدس اللہ ارواحھم (اللہ ان کی روحوں کو پاک فرمائے) کے سلسلے ارادت میں داخل ہو گیا، تو پہلے اس سلسلۂ عالیہ کے اکابر سے فیوض و برکات اسے نصیب ہوئیں۔ پھر زبدۃ العارفین وقطب المحققین میاں معصومؒ کی خدمت میں رہ کر سلوک طے کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ حضرت موصوف نے فرمایا کہ "طالب سلوک رکھنے والوں کو طریقہ نقشبندیہ اور قادریہ میں آپ مشغول رکھیں گے"۔ اگرچہ یہ بندۂ عاجز سوائے گناہوں کے اپنے حال کے بارے میں کچھ نہیں جانتا لیکن حضرتِ والا کے حکم اور ما علی الرّسول الّا البلاغ (نہیں کچھ ذمہ داری پیغمبر پر سوائے پہنچا دینے پیغام کے) کے مفہوم کے پیشِ نظر میں نے استخارہ کرنے کے بعد ان دونوں سلسلوں کے سالکین کو مشغولِ سلوک کرلیا۔ ان میں سے اکثر (مجھ سے) شجرۂ نقشبندیہ اور شجرۂ قادریہ طلب کرتے رہتے تھے۔ اگرچہ ان کے پاس کتابوں میں نظم ونثر دونوں میں معروف اور مشہور شجرے موجود تھے، (بایں ہمہ) میں نے چاہا کہ (بیان شجرہ میں) ایک نئی طرز اختیار کی جائے۔ جی میں آیا کہ قطب ربانی حضرت مجدد الف ثانیؒ کے بیان فرمودہ اصول وضوابط سلوک و معرفت پر مشتمل پہلے کچھ فقرے لکھ لئے جائیں۔ پھر شجرہ ہائے سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ و قادریہ کی ترتیب و ترکیب اس انداز سے تحریر کی جائے کہ شجرہ کی ہر سطر کی دائیں طرف کے تمام پہلے حروف اگر جمع کر لئے جائیں۔ تو اکابر نقشبندیہ کے اسماء گرامی نکل آئیں، اور ہر سطر کی بائیں جانب کے تمام آخری حروف سے اکابر قادریہ کے نامہائے مبارک حاصل ہو جائیں۔ (اسطرح) جب (منبع) رشد سلسلہ، افضل کائناتﷺ تک پہنچ جائے تو کچھ اشعار اس طرح موزوں کئے جائیں۔ کہ یہ نعتیہ مصرع

روا رکھا تاکہ اشکالات کی بالامکان رفع کیے جا سکیں۔ (اس عمل میں بھی میری محدود وسعت علم کو، اہل علم مد نظر رکھیں)۔ جو کچھ صحیح ہوا۔ اللہ رب العزت کی توفیق سے ہوا، اگر خدا نخواستہ معاملہ کہیں۔ اس کے برعکس ہے تو اسے میری علمی بے بضاعتی پر محمول فرمایا جائے۔

اللہ کریم کی حمد و ثنا اور شکر کے بعد میں ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں صاحب کی خدمت میں ہدیۂ سپاس پیش کرتا ہوں جنہوں نے میرے لیے اس سعادت کا موقع فراہم کیا کہ میں اس کتاب باصواب کا ترجمہ کروں۔ اُن کے لیے جزائے خیر اور برکت علم و تقویٰ کی دعا مجھے عزیز رہے گا۔

میں اپنے مشفق مکرم جناب پروفیسر ڈاکٹر رئیس احمد ایم۔ ایس۔ سی، پی۔ ایچ۔ ڈی (لندن) سابق صدر شعبۂ ارضیات (جیالوجی) سندھ یونیورسٹی جامشورو اور عزیز ارجمند حسن رئیس صاحب کا بھی تہ دل سے ممنون ہوں، جو اس کتاب کے سلسلے میں میرے اور ڈاکٹر حافظ منیر احمد خاں صاحب کے درمیان ربط و ارتباط کا مبارک ذریعہ بنے۔

اپنی رفیقۂ حیات سیدہ نزہت جہاں کے لیے بھی اظہار تشکر میں فراموش نہیں کرنا چاہتا، کہ انہوں نے بہت سی خانگی مصروفیات سے مجھے آزاد کر کے اور کچھ ضروری سہولیات میرے لیے مہیا کر کے اس کار خیر کی تکمیل مجھ پر آسان کی ہے۔

الحمد لله الذى بنعمته تتم الصّٰلحٰت

میری یہ بھی دعا ہے کہ رب العزت، کتاب کے مندرجات سے قارئین کو روحانی فیوضات سے بہرہ مند فرمائے، آمین۔

مترجم
احمد سعید انصاری
بی۔ اے (آنرز)، ایم۔ اے (فارسی)
سابق پرنسپل گورنمنٹ کالج کوٹ ادو
ریٹائرڈ ایسوسی ایٹ پروفیسر و سابق صدر شعبۂ فارسی
گورنمنٹ کالج بوسن روڈ، ملتان۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مجمع البحرین

الا اے آنکہ داری مہر روئے | بیا بشنو ز جانان گفت گوئے
کلام چند از عین معانی | نشانہا از اسرار نہانی
حدیث دلبراں چون قامت یار | بدل نزدیک و دور از فہم اغیار

(ترجمہ و مفہوم اشعار)

اے وہ جو مشتاق جمال یار ہے، قریب آ اور سن محبوب کی باتیں جو عین معانی (حقائق و معارف پر مشتمل) ہیں۔ اور رازہائے پوشیدہ کی نشانیاں ہیں۔ حدیث دلبراں یعنی اللہ کے پیاروں کی باتیں قامت یار کی مانند (حسن معنی اور دل پذیری کا مرقع) ہیں۔ جو دل عشاق کے تو قریب ہیں، لیکن عقل (غیر از عشاق) سے دور ہیں۔

امابعد، نقشبندان راہ تحقیق، عازمین منزل توحید، وابستگان سلسلہ محبت اور آزادگان قید دنیا و آخرت سے مخفی نہ رہے، کہ جب یہ فقیر یعنی اللہ الواحد الاحد کا بہت ہی حقیر بندہ پائندہ محمدؐ .... اللہ اس کو عمل میں صدق و یقین اور اعتقاد فی الدین کی راہ روش پر ثابت قدم رکھے........ اکابر نقشبندیہ قدس اللہ ارواحہم (اللہ ان کی روحوں کو پاک فرمائے) کے سلسلے ارادت میں داخل ہو گیا، تو پہلے اس سلسلہ عالیہ کے اکابر سے فیوض و برکات اسے نصیب ہوئیں۔ پھر زبدۃ العارفین و قطب المتقین میاں معصومؒ کی خدمت میں رہ کر سلوک طے کرنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ حضرت موصوف نے فرمایا کہ "طلب سلوک رکھنے والوں کو طریقہ نقشبندیہ اور قادریہ میں آپ مشغول رکھیں گے"۔ اگرچہ یہ بندہ عاجز سوائے گناہوں کے اپنے حال کے بارے میں کچھ نہیں جانتا لیکن حضرت والا کے حکم اور ما علی الرسول الا البلاغ (نہیں کچھ ذمہ داری پیغمبر پر سوائے پہنچا دینے پیغام کے) کے مفہوم کے پیش نظر میں نے استخارہ کرنے کے بعد ان دونوں سلسلوں کے سالکین کو مشغول سلوک کر دیا۔ ان میں سے اکثر (مجھ سے) شجرہ نقشبندیہ اور شجرہ قادریہ طلب کرتے رہتے تھے۔ اگرچہ ان کے پاس کتابوں میں نظم و نثر دونوں میں معروف اور مشہور شجرے موجود تھے، (بایں ہمہ) میں نے چاہا کہ (بیان شجرہ میں) ایک نئی طرز اختیار کی جائے۔ جی میں آیا کہ قطب ربانی حضرت مجدد الف ثانی کے بیان فرمودہ اصول و ضوابط سلوک و معرفت پر مشتمل پہلے کچھ فقرے لکھ لئے جائیں۔ پھر شجرہ ہائے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ و قادریہ کی ترتیب و ترکیب اس انداز سے تحریر کی جائے کہ شجرہ کی ہر سطر کی دائیں طرف کے تمام پہلے حروف اگر جمع کر لئے جائیں۔ تو اکابر نقشبندیہ کے اسماء گرامی نکل آئیں، اور ہر سطر کی بائیں جانب کے تمام آخری حروف سے اکابر قادریہ کے نامہائے مبارک حاصل ہو جائیں۔ (اس طرح) جب (شیخ) رشد سلسلہ، افضل کائنات ﷺ تک پہنچ جائے تو کچھ اشعار اس طرح موزوں کیے جائیں۔ کہ یہ نعتیہ مصرع

www.mujaddidiway.com

شاد و شاداں مجموعہ عربی ابیات

اس مثنوی کی چاروں جانب سے یعنی ہر مصرع کے اوّل و آخر سے حروف اخذ کرنے کے بعد مقصود پر ہوا اور اسمی حروف کی ترتیب و تعداد کے مطابق اس (مصرع) کی خواہش ہوئی۔ استخارہ اور ارواحِ طیبہ سے اجازت کے بعد میں نے اس تصنیف کو شروع کیا اور "مجمع البحرین" اس کا نام رکھا۔

مطالعہ فرمانے والے صاحبِ دل حضرات کے بزرگانہ اخلاق سے میں امید رکھتا ہوں کہ چونکہ یہ بندہ ضعیف اپنے قصورِ فہم کا معترف ہے (اس لیے) اگر اس (تحریر) میں کوئی عیب و سقم دیکھیں تو اس کی اصلاح فرمائیں گے اور عفو و درگزر سے کام لیں گے۔ عیب جوئی و بدگوئی سے اجتناب کرتے ہوئے تصنیفِ ہذا کے ہر حرف کو شائستہ اور محمود عرف میں صرف فرمائیں گے۔ الله الهادی الی التحقیق وهو ولی التوفیق (اللہ ہی حقیقت کی طرف راہنمائی فرمانے والا ہے اور وہی توفیق بخشنے کا اختیار و مالک ہے)۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم:

نوٹ: {صاحبِ کتاب حضرت محمد پائندہؒ نے اپنی تحریر مبارک میں جو صنعتِ توشیح استعمال کیا ہے وہ اپنی جگہ مثال اور بے کمال کارنامہ ہے، اس طرح کہ ہر سطر کے تمام پہلے حروف اگر جمع کرلئے جائیں تو شجرۂ اکابرِ نقشبندیہ مکمل ہوجاتا ہے، اور ہر سطر کے تمام آخری حروف سے شجرۂ بزرگانِ قادریہ حاصل ہوجاتا ہے۔ اردو ترجمے میں اس صنعت کا التزام تقریباً محال ہے لہٰذا ناظرینِ کرام سے گزارش ہے کہ یہ دو شجرۂ مبارکہ بالا کیلئے اصل فارسی کتاب کی طرف رجوع فرمائیں۔ (مترجم)}

حمد اور سب طرح کی تعریف اللہ تعالیٰ ہی کو لائق ہے کہ عقل و ادراک (انسانی) اس کی حقیقتِ ذات کے علم و آگہی کے معاملے میں سوائے حیرت اور نادانی کے کچھ پلے نہیں رکھتے۔ اور درود و صلوٰۃ کثیر ہو اس مظہرِ کامل شانِ حق سبحانہ و تعالیٰ حضرت محمد ﷺ پر جن کی خاکِ راہ سالکانِ منازلِ تحقیق کے سر کا تاج ہے۔ امّا بعد (ذیل میں) یہ کچھ فقرے ہیں جو طلب (معرفت) سے متعلق ہدایات کا حکم رکھتے ہیں۔ اور (علاوہ ازیں) ہدایت کنندگانِ راہِ یقین خصوصاً اکابرِ نقشبندیہ و قادریہ کثر اللہ اتباعہم (اللہ تعالیٰ ان کے متبعین کی تعداد کثیر فرمائے) کے احوال، اقوال اور اسرار کے بارے میں کچھ نکات درج ہیں۔ یہ اکابر سب کے سب راہبرانِ (منزل) مقصود ہیں۔ اللھم زوجھم فی الدنیا واحشرنا معھم فی العقبیٰ (اے اللہ دنیا میں ان کی تعداد بڑھا اور عقبیٰ میں ہمیں ان کے ساتھ اٹھا)

اے صاحبِ فہم طالب یہ جان لے کہ ان اکابر کا عمل "عزیمت" ہے۔ اور (اس کے علاوہ) بدعات سے دور رہنا ہے۔

نقشبند اند و لے بند بہ نقش نیند
نوشند از جام مقیدی صاف مطلق

ترجمہ (یہ اکابر نقشبند (نقش قائم کرنے والے) تو ہیں لیکن پابندِ نقش نہیں ہیں قید و پابندی کے جام سے وہ آزادی و بے قید ہونے کی شراب ناب پیتے ہیں)۔ قدس اللہ ارواحہم (اللہ ان کی روحوں کو پاک فرمائے)۔ (مراد اپنے اوپر عائد قیود اور پابندی کی ذمہ داری اٹھانے کے بعد آزادی و رستگاری کی منزل سے ہمکنار ہوتے ہیں)۔

(اے طالب) جان لے کہ حضرات خواجگان (نقشبند) کا طریقہ منزلِ مقصود تک رسائی کا سب سے قریب راستہ ہے......... جو انہی کی شان کے شایان ہے۔ کسی اور (طریق والوں) کو بھلا ان سے برابری کی کیا طاقت ہوسکتی ہے؟ دوسروں کی انتہا ان کی ابتداء ہوتی ہے، اور ان (اکابر نقشبند) کی نسبت دیگر تمام سلاسل کی نسبت پر فوقیت رکھتی ہے۔ ان اکابر کے نزدیک عزیمت پر عمل پیرا ہونا ہی ناجح ہے۔ یہ بزرگ حتی المقدور عزیمت پر عمل سے منحرف نہیں ہوتے۔ انہوں نے اپنے احوال و مواجید* (کیفیاتِ روحانی) کو شریعت و سنتِ پاک مصطفیٰ ﷺ کے احکام کے اتباع سے سنوارا

---

* مواجید جمع میم و کسر جیم، حالتہا و قصہا کہ باستماع نغمہ صوفیان را پیدا شود، و این جمع وجدست خلاف القیاس (غیاث اللغات)

اندر دیکھنا اور اپنے اندر کی معلومات حاصل کرنا ہے۔ "خلوت در انجمن" (یعنی مجلس و محفل کے اندر بیٹھے ہوئے بھی اپنے آپ کو تنہا کر لینا) ایک نادر اور گرانمایہ رکن (طریقۂ سلوک ہے) اور ہمارے اکابر قدس اللہ اسرارہم (اللہ ان کے بھیدوں کو پاک فرمائے) نے اس حقیقت کے ضمن میں بہت عمدہ باتیں بتائی ہیں۔ یعنی مجالس اور محافل میں جو استغراق کامل ہیں، تمہارا ئی نسبت کو بسبب اصلاح وقت رکھتے ہوئے، باطن کی راہ سے مطلب کے ساتھ خلوت پیدا کرتے ہیں۔ (اصطلاح) بالفرض اگر (یاد مطلب سے) فراموشی ہو جائے تو "واذکر ربک اذا نسیت" (اور جب تو بھول جائے تو اپنے رب کو یاد کر لیا کر) کے مضمون سے متنبہ ہو کر اور (غفلت پر) استغفار کر کے (استغفار قلب سے چھٹکارا پاتے ہیں اور) نسبت باطن کو حاصل کرنے کی حتی الامکان سعی و کوشش کرتے ہیں۔ اگرچہ شروع میں اس نسبت کی نگہداشت میں محنت اور تکلیف ہوتی ہے۔ لیکن بعد میں یہ حالت بے تکلف حاصل ہو جاتی ہے اور تصرف میں آ جاتی ہے۔ اصطلاح "نظر بر قدم" کے معنی مبتدی کے حال کے مناسب، بزرگان متقدمین و متاخرین کے نزدیک یہ ہیں کہ چلتے وقت ادھر ادھر سے پاک ہو کر نظر قدم پر جمائے رکھے تاکہ دنیائے دنی کے رنگا رنگ محسوسات کے باعث حق سے غافل نہ ہو جائے اور پریشانی دل سے بچا رہے۔

اس لئے کہ ابتدائی حال میں طالب کا دل کوئی ذریعہ سکون نہیں رکھتا۔ اس قدر قوت پیدا کرنے کے لئے کہ نظر وہ خیال تو میں حارج نہ ہو اور پراگندگی دل کا موجب نہ بنے .... یہ قاعدہ مقرر کیا گیا ہے۔ اس سے نظر کی پریشانی دل پر اثر انداز نہیں ہوتی۔ "ہوش در دم" کی اصطلاح کا مطلب حق بینوں کی نگاہ میں یہ ہے کہ طالب اپنی سانس سے آگاہ رہے۔ اس طرح کہ کوئی سانس غفلت کی حالت میں نہ آنے جانے پائے۔ اور یہ آن حضور ہے کہ اہل تحقیق نے پختہ تحقیق فرمایا ہے کہ دل کو دشمن سے .... جو دراصل غفلت ہے .... بچائے رکھے اور دوست کو .... جس کا مطلب حضور دوام (دوام یاد و فکر) ہے ہمیشہ حاضر میں قلب رکھے۔ اے عزیز ان معروف طریقوں کی پابندی کرنے کے بعد تمام و کمال علم حضوری سالک کو حاصل ہو جائیگا۔ پھر اس کے بعد سالک مراقبات پر عمل پیرا ہوگا .... بالخصوص صبح و شام کے اوقات میں کہ یہ اوقات مراقبہ کا خاصہ اور اس کی اقسام کیلئے بزرگوں نے مقرر فرمائے ہیں۔ (اے عزیز!) جان لے کہ لفظ "مراقبہ" "ترقب" سے ماخوذ ہے جس کے معنی انتظار کے ہیں .... اور اس کی کئی اقسام ہیں۔ مراقبہ اول مبتدی (شروع کرنے والے) کے مناسب حال ہے وہ یہ ہے کہ "یعلم بقلبه ان الله عزوجل ناظر الیه فیما دام ملازم بهذا العلم فهو مراقب" (اپنے دل میں جانتا ہے کہ بیشک اللہ عزوجل دیکھ رہا ہے اس کی طرف کہ وہ (طالب) اس بات کے علم کو دل میں سموئے ہوئے ہے، تو گویا وہ مراقب ہے) یعنی بالفاظ دیگر قلب کا علم ہو جاتا ہے۔ اس اطلاع حق سبحانہ و تعالیٰ کی۔ جب طالب اپنے علم اور حضور دونوں کو اسی طرح مراقبہ کرتا رہتا ہے تو وہ اس مراقبے کے تصرف میں آ جاتا ہے۔ گویا مراقبہ اس کی قدرت اور توانائی میں ہو جاتا ہے۔ اس وقت ماسوی کا نقش دل کی نظر سے گم ہو کر محو ہو جاتا ہے بلکہ (یہ بھی ہوتا ہے کہ) اسرار سے طالب باطن کشوف و شہادات کو [illegible] دیکھتے ہیں۔ سالکین اس تصرف کو عالم انوار باطنی کے مراد سے پر سمجھا پاتے ہیں۔ اور اپنے تمام قوائی میں اسی کو سرایت ہوتا محسوس کرتے ہیں۔ اس کے بعد جب وہ مقام

ہے۔ انہوں نے اپنے روحانی ذوق اور معارف والا سلوک کو تمام علوم و احکام شریعت جان کر اپنی تمام تر ہمت اور کسی علوم رسمی میں صرف کی ہے اور شریعت ہی کے احکام کی بجا آوری کو انہوں نے ترقی سلوک کیلئے ضروری جانا ہے۔ اور تجلی ذات دراصل اشراقات و معرفتوں پر ایک وقت میں بجلی کی چمک کی مانند قلیل مدت کیلئے ہوتا ہے۔ اصحاب نقشبندیہ کیلئے دائمی ہوتا ہے۔ چونکہ ہر شخص کی سمجھ ان اکابر کے ذوق تک نہیں پہنچ سکتی لہذا ممکن ہے کہ بعض طریقہ ہائے سلوک کے سالکین یا مبتدیان سلوک، ان بزرگوں کے (اعلیٰ ترین) کمالات روحانی کا بالکل انکار کردیں۔

اے عزیز! جان لے کہ ان بزرگوں کے ساتھ نسبت صحیح حضوری حاصل ہے۔ روحانی سیر کی ابتداء انہوں نے عالم امر سے اختیار کی ہے اور اس سیر کے دوران عوالم خمسہ (ظاہری و باطنی) کے عالم کی منازل طے کر کے سلوک کو مکمل کیا ہے اور تصفیہ حصول کمالات کی جانب متوجہ رہی ہے۔ (تمام) اصل مقصود کو سلوک کمالات کے سوا سمجھتے ہوئے اثبات اور نفی سے احتراز کیا ہے۔

فصل

سلوک کے ارکان (یعنی اصول و طرق) جو طالب نقشبندیہ کیلئے ضروری ہے .... مختصر طور پر وہ طریقے جو قطب ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ یعنی میاں شیخ احمد فاروقی نور اللہ مرقدہ وضع فرماتے ہیں .... ذیل میں سے کچھ بیان کیے جاتے ہیں۔ سو جان لو کہ اس طریقہ عالیہ میں طالب حق کو ابتداء میں اسم ذات اور توجہ قلبی میں مشغول رکھتے ہیں اور سوائے مراقبہ توجہ کے اور کسی شغل میں مشغول نہیں رکھتے .... اسی بنا پر کہ اس طریقہ عالیہ میں "جذبہ" کی نسبت اسم ذات سے ہے اور سلوک نسبت کی اثبات سے قائم اور مقرر ہے۔ اور اکابر مشہور کے نزدیک جذبہ سلوک پر مقدم ہے۔ پس (ثابت ہوا کہ) ان اکابر کی نسبت تمام دیگر اکابر کی نسبتوں پر فوقیت اور تقدم رکھتی ہے۔ اس میں شک نہیں ہے کہ اس طریقہ عالیہ کی اصطلاحات میں سے اصطلاح "سیر در وطن" کی حقیقت یہی ہے کہ وہ "سیر انفسی" سے عبارت ہے جسے "جذبہ" بھی کہتے ہیں اور ان بزرگوں کے حالات اور احوال کی ابتداء ہے۔ اور "سیر آفاقی" کو اہل سلوک نے سلوک دراصل کی کیفیت ہے اس سیر کے دوران وہ اس کی (یعنی سیر آفاقی کی) منازل طے کرتے ہیں۔ جبکہ دوسرے سلسلوں کے اکابر حصول مدعا کیلئے "سیر آفاقی" سے ابتداء کرتے ہیں۔ اور اس میں طالبوں کی ترقی رکھتے ہیں۔ اور اس (سیر) کی انتہا کو انفس کی (سیر) کرتے ہیں۔ اور "سیر انفسی" میں انہوں نے جامع طریق سے کمال حاصل کیا ہے۔ "سیر آفاقی" مطلب کو اپنی ذات سے باہر ڈھونڈنا ہے، جبکہ "سیر انفسی" کی اصطلاح کے معنی اپنے

قرآن کریم بھی اس آیت کریمہ کی طرف اشارہ ہے سنریهم آیاتنا فی الآفاق وفی انفسهم حتی یتبین لهم انه الحق (عنقریب ہم انہیں اپنی (قدرت کی) نشانیاں ان کے گرد و نواح میں بھی دکھا دیں گے اور خود ان کی ذات میں بھی یہاں تک کہ ان پر ظاہر ہو جائیگا کہ وہ (قرآن) حق ہے۔

(راسخ) طالب اس کام سے آگاہی پاکر اور افکار کی حالت سے باہر نکل کر مراقبہ کی دیگر قسم کا التزام کرتا ہے یہاں تک کہ علم کی منزل سے آگے بڑھ کر مرتبہ عین (الیقین) تک رسائی پالیتا ہے۔ مراقبہ دوم متوسطین (درمیانہ درجے کے سالکین) کے مناسب حال ہے۔ یہ خود پسند (مراد متوجہ الی الغیر) کے حال کا اصلاح کنندہ ہے، یعنی اس کے ذریعہ سے سالک غلبہ محبت کے تعلق سے اور صفت علم کی کمال کشش سے مزید آگے بڑھ کر متوجہ عین (حق) ہو جاتا ہے، اور جزو سے کل کی طرف راغب ہو جاتا ہے۔ نیز مجاز سے حقیقت کی طرف اور صورت سے معنی کی طرف چاہت پیدا کر لیتا ہے .... ظاہر میں بھی اور باطن میں بھی، بلکہ وجود کے کل ذرات میں اس نسبت کو جاری و ساری دیکھتا ہے۔ اور مراقبہ سوم جو خواص کے ساتھ مخصوص ہے، کی مداومت کی کوشش کرتا ہے۔ اس مراقبہ کے ذریعے وہ سراپا حضور جو مرتبہ حق الیقین ہے، کی نسبت سے مشرف ہو جاتا ہے۔ اور حضور ذاتی کی طرف جس میں عز شانہ ہمیشہ خود بخود (موجود) حاضر ہوتا ہے، عروج کرتا ہے، اور اس مقام پر شش جہت (یعنی چھ سمتوں) کو بے جہت، فانی اور نیست شدہ سمجھتا ہے۔ اور مکمل طور پر مرتبہ فنا کو پالینے کے بعد، یہ مقام اس کی آرزو بن جاتا ہے، اور "باقی بحق" ہو جاتا ہے۔ اے میرے بھائی! قید دوئی سے آزاد ہوتا کہ ہر جا اور ہر مقام پر تو روئے دوست عیاں طور پر دیکھ سکے۔ اس حال کے رکھنے والوں کیلئے ہے، المراقبہ جلوس الموحد فی میدان التوحید (موحد کا میدان توحید میں بیٹھنے کا مراقبہ)۔

تربیت قلب اور حقیقتِ جامعہ انسانی کے ساتھ، اس کے سبب اشتراک کا بیان

مخفی نہ رہے کہ اصحاب سلوک (سلوک کے حوالے سے) ایک تو "حقیقتِ جامعہ قلبیہ" پر قلب کا اطلاق کرتے ہیں، کیونکہ وہ عالم امر سے پیدا کیا گیا ہے۔ اسی کا خاصہ اور صفت ہے، ذکر اور لذت ذکر، سُکر (حالت بیخودی) اور استہلاک (محویت) اور فنا و بقا۔ اس کے علاوہ کبھی اس کا اطلاق صنوبری شکل کے اس گوشت کے ٹکڑے پر بھی کرتے ہیں جو (سینہ انسانی میں) بائیں جانب واقع ہے اور عوام الناس میں "قلب" کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس کا تعلق عالم خلق سے ہے اور حقیقت جامعہ کا اس مضغہ (گوشت کے ٹکڑے) کے ساتھ اشتراک جامع اس خاص وجہ سے ہے کہ وہ اس کا آشیانہ ہے اور اس طرح سے اس کا مسکن و ماویٰ بنا ہوا ہے کہ (دونوں میں) امتیاز مشکل ہو گیا ہے۔ بعض احکام میں یہ دونوں (یعنی عالم امر سے تعلق رکھنے والی حقیقت جامعہ قلب اور عالم خلق سے نسبت رکھنے والا قلب صنوبری) باہم اشتراک رکھتے ہیں۔ یاد حق کہ جس کے معنی ذکر ہیں، حقیقت جامعہ ہی کا خاصہ ہے۔ اسی کی بدولت مضغہ مذکور (یعنی قلب صنوبری) میں حرکت پیدا ہوتی ہے جس کے نتیجے میں روح جو عالم امر میں سے ہے اور جو بے مانند و بینظیر ہونے کی صفت سے بہرہ مند ہے، بدن سے کچھ ایسی محبت اور عشق اس میں پیدا ہو گیا ہے کہ وہ خون کی گردش میں شامل ہو گئی، یہاں تک کہ ان دونوں میں علیحدگی متصور نہیں ہو سکتی۔ (روح) بدن کی کیفیت لذت سے محظوظ اور کیفیت تألم سے متألم ہوتی ہے۔ ان میں ایک ایسا اتحاد وجود میں آجاتا ہے کہ عقل و خیال اس کا ادراک نہیں کر سکتے۔ پس ذکر قلبی، جو اہل ابتداء کو حاصل ہے اور ہمیشہ انکی توجہ کا مورد رہتا ہے، اولاً ذکر حقیقت جامعہ ہوتا ہے۔ اس کے بعد قلب صنوبری میں یہ پیدا اور ظاہر ہوتا ہے جس کے اثر سے (قلب

صنوبری) ذاکر اور متحرک ہو جاتا ہے۔ مختصراً یہ کہ ذکر ایک ہے، جو کمال لازمیت کے سبب سے دونوں (قلب صنوبری اور روح) سے منسوب ہے، اور بسبب کمال اتحاد جدائی یا علیحدگی کی اس نسبت (ذکر) میں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ایک کا ذکر دوسرے سے منسوب ہوتا ہے، اور (اس نوع کے ذکر سے) ہر وقت حق سبحانہ وتعالیٰ کا قرب بندے کو حاصل رہتا ہے۔ جہاں تک معاملہ ہے روح اور قلب کا جو بیچونی (بے مانند یا بینظیر ہونے) کی کیفیت سے بہرہ یاب ہیں تو ان کو الگ الگ قرار دینے کی گنجائش موجود ہے۔ بزرگان سلف نے حقیقت روح کے بارے میں سوائے خاموشی اختیار کرنے کے اور چارہ کار نہیں دیکھا۔ روح نے اوج (بلندی) سے حضیض (نشیب) کی طرف رخ کر کے بدن عنصری سے تعلق پیدا کیا، اور اس طرح "بیچونی" (یعنی بے مانند و بے مثل ہونے) کے بے تعین مرتبے سے نکل کر عالم چون (یعنی عالم ہستی .... جس میں مانند و مثل کی کیفیت ہوا کرتی ہے) سے وابستگی پیدا کر لی۔ اس طرح وہ (روح) برزخیت (یعنی عالم بین دنیا و آخرت) سے باہر نکل آئی اور اس پیکر میں گرفتار ہو گئی۔ اس کے سبب اصلی وطن کی یاد اسے بھول گئی۔

اے بھائی، بن! روح انسانی جو ایک نہایت نفیس لطیفہ* ہے کمالات غیبی کا حامل تھا۔ اس پیکر مادّی کے ساتھ تعلق سے پہلے اس کی ترقی کی راہ مسدود تھی اور اس کا عروج رکا ہوا تھا۔ اپنے مرغوب مقام اور جانے پہچانے مسکن میں وطن بنائے ہوئے تھی، گویا وہ محبوس اور مقید تھی۔ لیکن اس لطیفہ پاک کی خلقت (سرشت) میں، عروج کی لیاقت اور صلاحیت نزول کے ساتھ مشروط کر کے اسے ودیعت فرما دی گئی۔ اس طرح ملک دنیا میں اس کی راہ صعود و نزول مقرر ہو گئی۔ قادر مطلق جل جلالہ کی حکمت کاملہ نے نظام قدرت کو اس طرح دیکھا (یعنی آراستہ با مصلحت کیا) کہ اس جوہر نورانی کو اس پیکر ظلمانی اور نفس امارہ کے ساتھ جوڑ دے۔ سبحان من جمع بین النور و الظلمتہ (پاک ہے وہ ذات جس نے باہم جمع فرما دیا نور اور ظلمت کو)۔ پس اس جوہر نورانی نے نفس (امارہ) کے ساتھ محبت، تعشق اور وابستگی پیدا کر لی۔ باوجود اس کے کہ حقیقت میں دونوں ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ حکیم مطلق جل سلطانہٗ نے ملک جسد (بدن) کا نظام قائم کرنے کیلئے اپنے کمال کرم سے ان دونوں ضدوں کے درمیان باہمی نسبت کے سبب سے ایسا اتحاد پیدا فرمایا کہ روح پوری طرح نفس امارہ سے گھل مل گئی اور اس میں محو ہو گئی۔ اپنے آپ کو بھول بیٹھی اور بارگاہ قدس کے قرب و جوار سے ہٹ کر دنیا کے زر و زینت پر فریفتہ ہو گئی اور (اس طرح) اپنے اندر اس نے نفس امارہ

---

* لطیفہ۔ اس کے لغوی معنی ہیں "کوئی چیز نیک و نازک" منتخب از (غیاث اللغات) یا "نکتہ نغز" (یعنی لطیف نکتے کی بات) (فرہنگ عمید)۔ اصطلاح تصوف میں سینہ عارف کے وہ مقامات جہاں پر ذکر کے ذریعے وہ انوار و فیوضات الٰہیہ وصول کرتا ہے۔ یہ لطائف سات ہیں۔ لطیفہ قلب، لطیفہ روح، لطیفہ سر، لطیفہ خفی، لطیفہ اخفیٰ، لطیفہ نفس اور لطیفہ قالبیہ (سلطان الاذکار)

www.mujaddidway.com

[illegible] فقد فاز فوزا عظيما [illegible]

[illegible]

[illegible] خيارهم في الجاهلية خيارهم في الاسلام [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

www.mujaddidway.com

[illegible]

[illegible]

www.mujaddidway.com

فصل

آنحضرتؒ کی بلندی مرتبہ، بزرگی، کنیت، لقب اور نام کے بارے میں واضح رہے کہ آپ کا صحیح اور مشہور اسم مبارک شیخ عبدالقادر، کنیت ابو محمد، اور اس معدن علم وضیا مظہر کامل اسماء الٰہی کا لقب محی الدین ہے۔ ایک روز اس ستودہ صفات قطب کی مجلس میں جبکہ تمام اصحاب (مریدیں اور مسترشدین) حاضر تھے، ایک شخص کے دل میں آپ کے لقب "محی الدین" کی وجہ سے کچھ تردد پیدا ہوا کہ (یہ لقب) کیا ہے۔ اور کہاں سے ملا ہے؟ حضرتؒ نے کمال شفقت سے ان صاحب کا نام اپنی زبان مبارک سے لیا اور فرمایا "اے فلاں آپ کو معلوم ہو واقعہ یہ ہے کہ جب سیاحت سے لوٹ کر میں نے بغداد کا رخ کیا، اور جن اکابر کی خدمت میں میں رہ چکا تھا، ان کے بابرکت انفاس کا نتیجہ واثر میں اپنے اندر مشاہدہ کرنے میں مشغول تھا کہ اچانک میں نے دیکھا کہ ایک شخص شیدا وشیفتہ، درماندہ وبینوا، نہایت نحیف وضعیف حالت میں پڑا ہوا ہے۔ جب اس نے مجھے دیکھا تو لب کشا ہوا اور بولا "السلام علیک یا عبدالقادر" میں نے "وعلیک السلام" کہا اس نے حسن خلق اور لطف ومہربانی کا اظہار کیا۔ مجھ سے کہا "میرے نزدیک آؤ" میں نزدیک ہوا۔ اسے انتہائی خستہ حال اور ناتوان پایا۔ وہ بولا "مجھے بٹھاؤ" میں نے اسے اپنے پہلو میں لیا اور بٹھا دیا۔ اب میں نے اس کے وجود کو صحیح سالم اور اسکی صورت کو تر وتازہ پایا۔ میں نے پوچھا "تو کون ہے؟ میں تجھے نہیں پہچانتا۔ "اس نے کہا" میں دین ہوں۔ میں سخت افسردہ اور پژمردہ ہو گیا تھا۔ قادر ذوالجلال، حکیم پُر کمال (جل جلالہ) نے مجھے تیرے ذریعے سے زندہ کر دیا اَنت محی الدین یا عبدالقادر" (اے عبدالقادر تو دین کو زندہ کرنے والا ہے)۔ میں نے اس کو وہیں چھوڑا اور جامع مسجد میں آ گیا۔ دو رکعت نماز (نیاز) شکرانے کی نیت سے پڑھی۔ لوگ بہت زیادہ تعداد میں میرے گرد جمع ہو گئے۔ وہ میری عزت وتکریم کا اظہار کرنے لگے اور میرے ہاتھ پاؤں چومنے لگے اور کہتے جاتے تھے "یا محی الدین" اس واقعہ سے پہلے کبھی خلق نے مجھے اس لقب سے نہیں پکارا تھا۔"

مخفی نہ رہے کہ (اولوالعزمی میں) ان اکابر کا معاملہ اور ان کے کمالات حد بیان سے باہر ہیں۔ یہ حضرات تا حد امکان سنت پاک اور شریعت مطہرہ کے موافق عمل کرنا لازم جانتے ہیں اس طریقہ کے طلاب (سالکین) میں سے بھی ہر ایک ریاضات اور مجاہدات میں عجب شان رکھتے ہیں۔ کمال ریاضت کیوجہ سے اسمائے عظام اور عالم غیب (کے بعض امور) میں (باذن اللہ) تصرف کے باعث وہ نادر احوال اور دلپذیر اقوال رکھتے ہیں۔ یہ مختصر اوراق ان کے مراتب کی تفصیل کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ چنانچہ مختصر بیان پر اکتفا کیا ہے۔

فصل

کسی ہوش مند اور عاقل پر یہ امر پوشیدہ نہ رہے کہ شریعت کے تین اجزاء ہیں ____ علم، عمل اور اخلاص، جب تک یہ تین اجزاء متحقق نہیں ہونگے شریعت متحقق نہ ہو گی۔ جب یہ تینوں حد کمال تک پہنچ جائیں گے رضائے حق حاصل ہو جائے گی۔ اہل بصیرت جانتے ہیں کہ رضائے حق ہی تمام سعادتوں پر فوقیت رکھتی ہے

